اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ڈونیشن جمع کروانے سے قبل کے اَہم مَدَنی کام

﴾1﴿ ایک ہی مالیت کی نوٹوں کو سیدھی رکھ کر صرف ربڑ بینڈ لگا دیں اور نوٹ کے اوپر تعداد پینسل سے لکھ دیں مثال کے طور پر 1000/= والی 7 نوٹیں ہوں تو بنڈل میں سب سے اوپر والی 1000/= کی نوٹ پر 7 لکھنا ہو گا۔ اسی طرح 500/= والی اگر 6 نوٹیں ہیں تو بنڈل میں سب سے اوپر والی 500/= کی نوٹ پر 6 لکھنا ہو گا۔ اور اگر 100/= والی 90 نوٹیں ہوں تو بنڈل میں سب سے اوپر والی 100/= کی نوٹ پر 90 لکھنا ہو گا پھر تفصیلات الگ پیپر پر اس طرح لکھ کر دے دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1000 والی نوٹیں | × 6 عدد = | 6000/= |
| 500 والی نوٹیں | × 6 عدد = | 3000/= |
| 100 والی نوٹیں | × 90 عدد = | 9000/= |
| کل رقم | = | 18,000/= |

﴾2﴿ بعض نوٹ ایسے ہوتے ہیں جس کے دو طرح کے سائز ہوتے ہیں۔ تو ایک ہی مالیت کے مثلاً 100/= کی بڑے سائز کی نوٹیں ایک ساتھ اور چھوٹے سائز کی ایک ساتھ رکھیں۔

﴾3﴿ جب ڈونیشن جمع کروائیں تو اسکی مدّات کی تفصیلات بھی تحریراً ساتھ جمع کروائیں مثلاً! کل ڈونیشن 18,000/= جمع کروائے تو اس کی مدّات کی تفصیلات کچھ یوں ہو گی۔

| | |
|---|---|
| صدقاتِ واجبہ (زکوٰۃ و فطرہ) | 8000/= |
| نفلی صدقات و خیرات | 2000/= |
| مدرسے کے لئے | 1000/= |
| مدنی چینل کے لئے | 1064/= |
| کسی بھی مسجد کے لئے | 1936/= |
| جامعہ کے لئے | 1000/= |
| کلی اختیارات کے ساتھ | 3000/= |
| کُل ڈونیشن | 18,000/= |

﴾4﴿ ڈونیشن کی رقم اگر سکّوں کی شکل میں ہو تو نوٹ کی شکل میں تبدیل کروا کر جمع کروائی جائے۔ اگر چھوٹی مالیت کی نوٹیں ہوں تو بڑی مالیت کی نوٹ میں تبدیل کر دی جائے۔

﴾5﴿ جمع کرنے والے صرف لکھے ہوئے پر بھروسہ نہ کریں بلکہ خود بھی اچھی طرح گِن کر تصدیق کر لیں۔